29/01/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ایل جی تعزیت

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے سپیشل سکیورٹی فورس کے سلیکشن گریڈ کانسٹیبل Sunny Salgotra کے سڑک حادثے میں انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہا رکیاہے ۔ لیفٹننٹ گورنر نے سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کی اور پسماندگان کیلئے صبر و استقامت کی دعا کی ۔

ستیش شرما

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ Bhashini Rajyam ورکشاپ جموں کشمیر میں کثیر لسانی اور شہری مرکز ڈیجیٹل نظام کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے ۔ یہ ورکشاپ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ اور ڈیجیٹل انڈیا Bhashini ڈویژن کے اشتراک سے کنونشن سینٹر جموں میں منعقد ہوا۔

وزیر نے کہاکہ Bhashini کے ذریعے زبان کسی بھی شہری کیلئے ڈیجیٹل خدمات تک رسائی میں رکاوٹ نہیں بنے گی۔ انہوننے اس مشن کیلئے جموں کشمیر حکومت کی مکمل حمایت کا یقین دلایا ۔

رانا

جموں کشمیر میں صحت اور معاون شعبونسے وابستہ پیشہ ور افراد اور اداروں کی رجسٹریشن کاعمل جلد شروع کیا جائے گا۔الائیڈ اینڈ ہیلتھ کیئر پروفیشنز کے نیشنل کمیشن نے آن لائن رجسٹریشن پورٹل کی تیاری مکمل کر لی ہے ۔متعلقہ پیشہ ور افراد کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ

رجسٹریشن کیلئے اپنے ضروری دستاویزات تیار رکھیں۔ رجسٹریشن پورے ملک میں یکسان طور پر شروع کی جائے گی البتہ آغازکی تاریخ اور طریقہ کار بعد میں وضع کیا جائےگا۔

قبائیلی امور کے وزیرجاوید احمد رانا نے مینڈھر او ر منکوٹ کے کئی سرحدی گاؤنکا دورہ کیا او ر مختلف شعبوں کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ وزیر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ ان علاقوں میں ترقیاتی منصوبے بر وقت ، شفاف اور معیاری انداز میں مکمل کئے جائیں ۔ بعد میں وزیر سے ملاقی ہوئے کئی وفود نے عوامی اہمیت کے حامل مسائل اور مطالبات اجا گر کئے۔وزیر نے ان کے مطالبات بغور سُنے اور ترجیحی بنیادپر حل کرنے کی انہیں یقین دہانی کرائی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈولو نے جموں و کشمیر میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے مانسون سے قبل لازمی اقدامات اور ضلعی سطح پر مکمل مستعدی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پیشگی منصوبہ بندی، جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ابتدائی انتباہی نظام اور محکموں کے درمیان مو

ثر تال میل آفات کے خطرات کم کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ چیف سیکریٹری نے تمام اضلاع کو ہدایت دی کہ وہ اپنے ڈیزاسٹر مینجمنٹ منصوبوں کو فوری طور پر اپ ڈیٹ کریں اور سیلاب، برفانی تودوں اور دیگر موسمی خطرات کے پیش نظر بروقت اور مربوط کارروائی کو یقینی بنائیں۔

اکشے لابرو

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ایک میٹنگ میں ضلع میں صحت سے متعلق مرکزی اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ اب تک 12ہزار سے زائد بزرگ شہریوں کو آیوشمان ویہ وندنا کا رڈ جار ی کئے جا چکے ہیں جس سے انہیں سالانہ پانچ لاکھ روپے کی اضافی مفت طبی سہولیات میسر ہوں گی۔ڈپٹی کمشنر نے آیوشمان بھارت ہیلتھ اکاؤنٹ کے اندراج میں تیزی لانے اور تپ دق کنڑول پروگرام کے اہداف بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

بارہمولہ پولیس

بارہمولہ پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کنزر کے علاقے اوگمونہ میں چار منشیات فروشو ں کو گرفتار کر لیا ہے ۔ پولیس نے مصدقہ اطلاع ملنے پر ناکہ بندی کرکے ان منشیات فروشوں کودھر لیا۔ تلاشی کے دوران کے قبضے سے بھاری مقدار مینممنوعہ نشہ آور مواد بر آمد کیا گیا۔ گرفتار افراد کے خلاف پولیس تھانہ کنزر میں FIR درج کرکے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

جموں کشمیر پولیس نے عوام سے تعاون کی اپیل کی ہے۔

خورشید گنائی

جمونو کشمیر میں منشیات کی بدعت ہر گزرتے دن کے ساتھ پھیل رہی ہے اور کا فی تعداد میں نوجوان اس لت کے شکار ہو رہے ہیں۔

اس مسئلے کی سنگینیت کے بارے میں گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز کے چیر مین اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ہیلتھ کیئر

جموں کشمیر میں صحت اور معاون شعبونسے وابستہ پیشہ ور افراد اور اداروں کی رجسٹریشن کاعمل جلد شروع کیا جائے گا۔الائیڈ اینڈ ہیلتھ کیئر پروفیشنز کے نیشنل کمیشن نے آن لائن رجسٹریشن پورٹل کی تیاری مکمل کر لی ہے ۔متعلقہ پیشہ ور افراد کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ رجسٹریشن کیلئے اپنے ضروری دستاویزات تیار رکھیں۔ رجسٹریشن پورے ملک میں یکساں طور پر شروع کی جائے گی البتہ آغازکی تاریخ اور طریقہ کار بعد میں وضع کیا جائےگا۔

CBC

سینٹرل بیورو آف کیمونیکیشن راجوری کی جانب سے گورنمنٹ ہائر ہائر اسکندری اسکول میں مختلف مرکزی سرکاری اسکیموں پر ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام میں ڈپٹی کمشنر راجوری ابھیشک شرما ، ڈائریکٹر CBC جموں کشمیر و لداخ غلام عباس اور ڈپٹی ڈائریکٹر آیوشی پوری نے شرکت کی ۔ڈپٹی کمشنر نے دور دراز سرحدی علاقوں میں عوامی بیداری کیلئے CBC کی کاوٗشوں کو سراہا ۔ پروگرام میں شرکاءکو سرکاری اسکیموں سے متعلق تفصیلی جانکاری فراہم کی گئی۔اس موقعے پر صفائی مہم ، شجر کاری ،مصوری مقابلہ اور ثقافتی پروگرام بھی منعقد کئے گئے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی صفر اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ